NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی اور آئی بی اے کے مابین معاہدہ

ذریعہ: روزنامہ دُنیا، صفحہ۔9

تاریخ: منگل، 12 ستمبر، 2017

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی اور آئی بی اے کے مابین معاہدہ

نیا کاروبار شروع کرنیوالے کم تعلیم یافتہ افراد کو جدید ٹیکنیک سے روشناس کروایا جائے گا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد اور انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی (آئی بی اے) کے مابین باہمی یادداشت کے معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ریکٹر ڈاکٹر تنویر حسین اور آئی بی اے کراچی کے ڈاکٹر فخر اقبال، ڈین اور ڈائریکٹر نے اپنے اپنے اداروں کی طرف سے دستخط کئے۔ یادداشت کے مطابق نیا کاروبار شروع کرنے والے کم تعلیم یافتہ افراد اور اداروں کو جدید (صفحہ 11 بقیہ نمبر 16)

ڈاکٹر تنویر حسین اور ڈاکٹر فخر اقبال باہمی یادداشت کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 16 معاہدہ

کاروباری تکنیک سے روشناس کروانے میں ایک دوسرے کی معاونت کی جائے گی، جس سے ٹیکسٹائل انڈسٹری سے جڑے چھوٹے کاروبار کو وسعت ملے گی، جبکہ تعلیمی اداروں کے باہمی تعاون میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر نائب صدر چیمبر آف کامرس انجینئر محمد احمد، وحید خالق رامے، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر نورین عزیز قریشی، محمد مبشر، ذیشان علی نورانی و دیگر بھی موجود تھے۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**